Rampur State Gazette.

EXTRA ORDINARY.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۵ مطبوعہ روز پنجشنبہ بتاریخ ۴ رجمادی الثانی سنہ ۱۳۵۹ھ مطابق ۱۱ رجولائی سنہ ۱۹۴۰ء {جلد ۵۳

غیر معمولی گزٹ

حکم اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

داخلہ ۱۰ رجولائی سنہ ۱۹۴۰ء

نوٹیفکیشن منسلکہ ۱۰ رجولائی سنہ ۱۹۴۰ء کو گزٹ غیر معمولی میں شائع کیا جائے۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

نوٹیفکیشن

باستعمال اختیارات تحت قاعدہ ۹۴ ضمیمہ ۳ قواعد تحفظ ہندستان ۱۹۳۹ء گورنمنٹ رامپور یہ حکم صادر کرتی ہے کہ ہر شخص جو کسی ضمانتی دستاویزات کا مالک ہو جن کے بارے میں اصل رقم، سود یا منافع ممالک متحدہ امریکہ کے سکہ میں قابل ادائیگی ہو یا جس کے بارے میں مالک مذکور کو اصل، سود، یا منافع ممالک متحدہ امریکہ کے سکہ میں حاصل

کرنے کا حق ہو۔ اس حکم کی تاریخ سے ایک ماہ ختم ہونے سے قبل رزرو بنک ہند کے پاس ایک نقشہ (اس فارم پر جو ہندوستان کے رزرو بنک کے کسی دفتر سے یا کسی ایسے شخص سے جس کو ہندوستان کے رزرو بنک نے ہندوستان میں بیرونی سکہ جات کے متعلق کاروبار کرنے کا اختیار دیا ہے) حسب ذیل تفصیلات دستاویزات متذکرہ بالا کے متعلق داخل کرے :-

(الف) پورا نام اور پتہ مالک جس نے یا جس کی جانب سے نقشہ تکمیل کیا ہو یا کیا گیا ہو۔

(ب) دستاویز ضمانتی کا مکمل حوالہ مع تفصیلات مثلاً اس امر کے کہ وہ دستاویز بہ نوعیت حامل ہے یا رجسٹری شدہ یا بانداج اسٹاک وغیرہ ہے۔

(ج) دستاویز ضمانتی کی نام نہاد تعداد رقم۔

(د) آیا دستاویز ضمانتی بار سے پاک ہے یا اس پر بار ہے۔ موخر الذکر صورت میں مکمل تفصیل نوعیت بار مع تعداد قرضہ یا زر پیشگی اگر کوئی ہو جو اس ضمانت پر حاصل کیا گیا ہو اور سکہ جس میں اور نام اور پتہ اس شخص کا جس سے کہ یہ رقم حاصل کی گئی ہو۔

(ہ) نام مقام و شخص جس کے پاس کہ دستاویز ضمانت امانت ہے۔

(و) پورا نام اور پتہ اس شخص کا جس کے حساب کے عوض میں دستاویز ضمانتی داخل ہے۔ (اگر وہ مالک داخل کنندہ نقشہ کے علاوہ کوئی اور شخص ہے)